سوال

(523)اصل معیار قرآن وسنت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اسلام اس شخص کے بارے میں کیا کہتا ہے جو اسلام میں ایک نیا کام شروع کرتا ہے اور وہ اچھا کام سمجھتا ہے اور دعوی کرتا ہے کہ یہ ان کاموں میں سے نہیں جو انسان کو بدعت میں بتلا کرتے ہیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس شخص کا عمل قرآن وسنت پر پیش کیا جائے۔ جو قرآن وحدیث کے مطابق ہو وہ صحیح ہے اور جو ان کے مطابق نہ ہو وہ غلط ہے۔ آپ نے اس شخص کے عمل کی وضاحت نہیں کی جو ہمیں معلوم ہوتا کہ وہ سنت ہے یا بدعت۔

آپ مندرجہ ذیل کتابوں کا مطالعہ کریں۔ امام شاطبی کی کتاب ''الاعتصام'' اس میں بدعت اس کی اقسام، احکام اور مثالیں بہت تفصیل اور وضاحت سے بیان کی گی ہیں۔ اس کے علاوہ وہ کتاب ''السنن والمبتدعات' کتاب ''الابداع فی مضار الابتداع' کتاب ''البدع والحوادث' کتاب ''تنبیة الغافلین'' تصنیف ابن نحاس اور اس قسم کی دوسری کتابیں جن سے سنت اور بدعت میں فرق واضح ہوجاتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ